اَمْ بِ هِ یْ جِ نْ نَ تُ نْ　　لَ هُ مْ مَ شَ وْ ا فِ یْ هِ

② **اظہار**: نون ساکن اور تنوین کے بعد اگر حروف حلقی (دیکھیئے صفحہ نمبر 47) میں سے کوئی حرف آجائے تو وہاں نون کو ظاہر کریں گے یعنی غُنَّہ (ناک میں آواز چھپانا) نہیں کرینگے مثلاً: مَنْ اٰمَنَ ، مِنْ هَادٍ ، اَنْعَمْتَ ، سَوَآءٌ عَلَیْهِمْ ، نَارٌ حَامِیَةٌ ، مِنْ غِلٍّ ، شَیْءٍ خَلَقَهٗ ، مِنْ خَوْفٍ

❸ ''ل'' کا قاعدہ: لام ہمیشہ باریک ادا ہوتا ہے سوائے لفظ اَللّٰہُ اور اَللّٰھُمَّ کے اندر جو دوسرا 'ل' ہے اسکے ادا کرنے کے دو طریقے ہیں یہ 'ل' کبھی باریک اور کبھی موٹا پڑھا جاتا ہے۔ باریک اس وقت پڑھیں گے جب لفظ ''اَللّٰہُ'' سے پہلے والے حرف پر زیر ہو جیسے فِی اللّٰہِ، بِسْمِ اللّٰہ یہاں لفظ ''اَللّٰہُ'' کے 'ل' کو باریک پڑھیں گے 'ل' کو موٹا اس وقت پڑھیں گے جب لفظ ''اَللّٰہُ'' یا ''اَللّٰھُمَّ'' سے پہلے زبر یا پیش ہو جیسے اَللّٰھُمَّ ۔ اَللّٰہُ ، نَارُ اللّٰہِ ، رَسُوْلُ اللّٰہِ

﴿یاد رکھیئے جب اللہ سے پہلے آنے والے لفظ سے پہلے'' یا '' (یعنی حرف ندا) آجائے تو حرف ندا کی و جہ سے''ل'' پر زبر پڑھتے ہیں جیسے یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ ۔ یَا عَبْدَ اللّٰہِ﴾

★ لفظ اَللّٰہُ اور اَللّٰھُمَّ کے علاوہ جتنے بھی 'ل' ہیں تمام باریک پڑھیں۔

❹ قلقلہ: کے حروف (ق ، ط ، ب ، ج ، د) جب ساکن ہوں تو ادا کرتے وقت آواز میں ایک قسم کی جنبش یا ایسے انداز سے ادا کرینگے کہ آواز گیند کی طرح اچکتی ہوئی نکلے اور جب حروف قلقلہ پر تشدید ہو اور وہاں وقف کرنا ہو تو ادائیگی میں آخری حرف پر ایک قسم کی سختی ہوگی جیسے وَ تَبَّ ○ مَجِیْدٌ ○

❺ حروف مستعلیہ: (موٹے حروف) یہ سات حروف ہیں جو ہر حالت میں موٹے ادا کیئے جاتے ہیں: خ ، ص ، ض ، غ ، ط ، ق ، ظ

❻ حروف صفیر یہ: وہ حروف ہیں جنہیں ادکرتے وقت سختی اور سیٹی کی سی آواز پیدا ہوتی ہے۔ یہ تین حروف ہیں: ز ، س ، ص

نوٹ: ''ص'' کو ادا کرتے وقت سختی اور سیٹی کی آواز کے ساتھ'' پُر '' کرکے پڑھیں گے کیونکہ ''ص'' حروف مستعلیہ میں سے بھی ہے اور حروف مستعلیہ'' پُر ''پڑھے جاتے ہیں

7 ملتی جلتی آوازوں والے حروف :

ت	کی آواز باریک ہوتی ہے۔ مثلاً: **یَتلُوْنَ** ⟸	یَ تْ لُ وْ نَ
ط	کی آواز موٹی ہوتی ہے۔ مثلاً: **مُطَّلِعُ** ⟸	مُ طْ طَ لِ عُ
ث	کی آواز باریک اور نرم ہوتی ہے۔ مثلاً: **نَثَرَ** ⟸	نَ ثَ رَ
س	کی آواز باریک اور سیٹی والی ہوتی ہے۔ مثلاً: **نَسْرَ** ⟸	نَ سْ رَ
ص	کی آواز موٹی اور سیٹی والی ہوتی ہے۔ مثلاً: **نَصَرَ** ⟸	نَ صَ رَ
ح	کی آواز حلق کے درمیان سے نکلتی ہے۔ مثلاً: **بَحْرَ** ⟸	بَ حْ رَ
ھ	کی آواز اقصیٰ حلق (حلق کا نچلا حصہ) سے نکلتی ہے۔ مثلاً: **شَھْرٍ**	
ذ	کی آواز باریک اور نرم ہوتی ہے مثلاً: **یَتذَکَّرُوْنَ**	یَ تَ ذَ کْ کَ رُ وْ نَ
ز	کی آواز باریک اور سیٹی والی ہوتی ہے۔ مثلاً: **زِیْنَةَ** ⟸	زِ یْ نَ ةَ
ظ	کی آواز موٹی اور نرم ہوتی ہے۔ مثلاً: **یَظْلِمُوْنَ** ⟸	یَ ظْ لِ مُ وْ نَ
ع	کی آواز بغیر جھٹکے والی ہوتی ہے۔ مثلاً: **یَعْلَمُوْنَ** ⟸	یَ عْ لَ مُ وْ نَ
ء	کی آواز جھٹکے والی ہوتی ہے۔ مثلاً: **یَأْلَمُوْنَ** ⟸	یَ ا ءْ لَ مُ وْ نَ
ک	کی آواز باریک ہوتی ہے۔ مثلاً: **یَکْفُرُوْنَ** ⟸	یَ کْ فُ رُ وْ نَ
ق	کی آواز موٹی ہوتی ہے۔ مثلاً: **خَلَقَ** ⟸	خَ لَ قَ

نماز کی اہمیت

فرمانِ الٰہی ہے:۔(ترجمہ) ❶ ''جو لوگ اپنی نمازوں کی حفاظت کرتے ہیں وہ لوگ عزت کے ساتھ جنت کے باغوں میں رہیں گے۔'' (المعارج 70: آیات 34 تا 35)

❷ ''نماز قائم کرو یقیناً نماز فحش اور برے کاموں سے روکتی ہے۔'' (العنکبوت 29: آیت 45)

❸ ''کامیاب ہونے والے ہیں وہ لوگ جو اپنی نمازوں میں خشوع اختیار کرتے ہیں۔'' (المؤمنون 23: آیات 1 تا 2)

❹ ''ان نمازیوں کے لئے خرابی ہے جو اپنی نمازوں سے غفلت برتتے ہیں۔'' (الماعون 107: آیات 4 تا 5)

سبق (16) : اپنا امتحان خود لیجئے

❶ ایک کاغذ سے اردو تلفظ ڈھک لیجئے (دیکھئے صفحہ نمبر 15 سے 48 تک)

❷ اب عربی کی سطر کا ایک ایک لفظ پڑھئے ۔

❸ کاغذ ہٹا کر اردو تلفظ سے مقابلہ کیجئے ۔

❹ اگر آپ نے صحیح پڑھا ہے تو آگے چلیں ۔ یہی عمل اگلی سطر میں دہرائیں۔

❺ اگر غلط پڑھا ہے تو گزشتہ اسباق کو دوبارہ پڑھیں اور پھر اپنا امتحان لیں۔

❻ اگر اس دفعہ آپ صحیح پڑھ لیں تو آگے چلیں ۔

❼ اگر آپ سب الفاظ صحیح پڑھ لیں تو اطمینان سے قرآن شریف کی تلاوت کر سکتے ہیں۔

نوٹ: جن اصحاب نے قرآن مجید پڑھا ہوا ہے ۔ وہ بھی اس کتاب سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں اور اس طرح اپنا تلفظ بہتر سے بہتر کر سکتے ہیں ۔ اس لیئے کہ ہمیں خوب سے خوب تر کی تلاش میں مصروف رہنا چاہیئے ۔ جس طرح ہم دنیاوی کام بہتر سے بہتر کرنے کی جستجو میں لگے رہتے ہیں بالکل اسی طرح آخرت کیلیئے بھی خوب سے خوب تر کی کوشش روزانہ کرتے رہنا چاہیئے ۔ (کم از کم 15 منٹ)

★ اگر آپ کے پاس ہمارا کیسٹ " قرآن پڑھنا سیکھئے" ہو تو اس سے یا پھر ہماری Web site سے کمپیوٹر پر یہ کیسٹ Down Load کر کے سنئے اور پھر سبق در سبق تقابل کریں یعنی آپ نے کیسے پڑھا ۔ اور اپنی تلاوت بہتر سے بہترین بنائیں ۔

مختلف اہم دعائیں

❶ حصول علم کی دعا ۔ (طٰہٰ 20: آیات 25 تا 28) ❷ سواری کرتے وقت کی دعا ۔ (الزخرف 43 : آیات 13 تا 14)

❸ قوم موسیٰ (علیہ السلام) کی دعا ۔ (یونس 10: آیات 85 تا 86) ❹ والدین کے لئے دعا ۔ (بنی اسرائیل 17: آیت 24)

سبق (17): مسنون نماز پڑھنا سیکھئے

★ نماز کے عربی الفاظ اور معنی کو زبانی یاد کیجئے۔ معنیٰ سمجھ کر نماز پڑھنے میں لطف بھی زیادہ اور ثواب بھی زیادہ اور شیطانی وسوسوں سے بھی حفاظت۔ اللہ تعالیٰ ہمیں توفیق عطا فرمائے کہ ہم الفاظ کے معنیٰ سمجھ کر نماز ادا کریں۔ نماز میں پڑھے جانے والے الفاظ زیادہ نہیں ہیں۔ ہر عربی لفظ کے نیچے اردو میں بھی تلفظ دیا گیا ہے۔ تاکہ اگر اتفاقاً کوئی غلط لفظ یاد ہوگیا ہوتو درست ہوجائے۔ ہر روز تھوڑے سے حصے کے الفاظ اور معنی زبانی یاد کرلیجئے۔ آہستہ آہستہ تمام الفاظ مع ان کے معانی آپ کو یاد ہوجائیں گے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ

★ **نیت**: ارادہ کو کہتے ہیں اور ارادہ، دل میں کیا جاتا ہے (مفہوم حدیث بخاری)

★ **تکبیرِ تحریمہ**: دونوں ہاتھ کانوں کی لَو کے برابر تک اٹھا کر **اَللّٰہُ اَکْبَرُ** (اللہ بڑا ہے) کہیں (ہاتھ اسطرح اٹھائیں کہ ہتھیلیوں کا رخ سامنے قبلہ کی طرف ہو)

★ **قیام**: **اَللّٰہُ اَکْبَرُ** کہنے کے بعد دونوں ہاتھ ناف سے اوپر یا سینہ پر اسطرح باندھیں کہ دایاں ہاتھ بائیں ہاتھ کے اوپر رکھ کر کلائی اسطرح پکڑیں کہ چھوٹی انگلی اور انگوٹھے سے کلائی کے گرد حلقہ بن جائے اور بیچ کی تینوں انگلیاں سیدھی کلائی کے اوپر ہوں۔ اِسکے بعد مندرجہ ذیل دعائیں پڑھیں۔

★ **ثنا**: نماز کے آغاز پر رسول اکرم ﷺ سے بہت سی دعائیں منقول ہیں جو احادیث کی کُتب اور حصنِ حصین میں دیکھی جاسکتی ہیں لیکن مندرجہ ذیل دعا مختصر اور زیادہ مستعمل ہے۔ اِس کو ثنا اس لئے کہتے ہیں کہ اس میں صرف اللہ تعالیٰ کی تعریف بیان کی گئی ہے

① سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَ بِحَمْدِكَ

سُ بْ حَ ا نَ كَ اِ لْ لَ ا هُ مْ مَ وَ بِ حَ مْ دِ كَ

وَ تَبَارَكَ اسْمُكَ وَ تَعَالٰى

وَ تَ بَ ا رَ كَ اِ سْ مُ كَ وَ تَ عَ ا لَ ا ي

جَدُّكَ وَ لَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ

جَ دْ دُ كَ وَ لَ ا اِ لَ اهَ غَ يْ رُ كَ

(ترجمہ) : ۔"اے اللہ ، آپ پاک ہیں اپنی تعریفوں کے ساتھ۔آپ کا نام (بڑائی) بابرکت ہے آپ کی بزرگی بہت بلند ہے آپ کے سوا کوئی معبود نہیں"(ترمذی)

❷ اَللّٰهُمَّ بَاعِدْ بَيْنِي وَبَيْنَ

اَ لْ لَ اهُ مْ مَ بَ ا عِ دْ بَ يْ نِ ي وَ بَ يْ نَ

خَطَايَايَ كَمَا بَاعَدْتَّ بَيْنَ الْمَشْرِقِ

خَ طَ ا يَ ا يَ كَ مَ ا بَ ا عَ دْ تَ تَ بَ يْ نَ اِلْ مَ شْ رِ قِ

وَالْمَغْرِبِ اَللّٰهُمَّ نَقِّنِيْ مِنَ الْخَطَايَا

وَ اِلْ مَ غْ رِ بِ اَ لْ لَ اهُ مْ مَ نَ قْ قِ نِ يْ مِ نَ اِلْ خَ طَ ا يَ ا

كَمَا يُنَقَّى الثَّوْبُ الْاَبْيَضُ

كَ مَ ا ىُ نَ قْ قَ ىٖ اِلْ ثْ ثَ وْ بُ اِلْ اَ بْ ىَ ضُ

مِنَ الدَّنَسِ اَللّٰهُمَّ اغْسِلْ

مِ نَ اِلْ دْ دَ نَ سِ اَ لْ لَ ا هُ مْ مَ اِغْ سِ لْ

خَطَايَایَ بِالْمَآءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ

خَ طَ ا ىَ ا ىَ بِ اِلْ مَ ا۔۔۔ءِ وَ اِلْ ثْ ثَ لْ جِ وَ اِلْ بَ رَ دْ

(ترجمہ) "اے اللہ، میرے اور میرے گناہوں کے درمیان دوری ڈال دیجئے جیسے آپ نے مشرق اور مغرب کے درمیان دوری رکھی ہے۔ اے اللہ مجھے گناہوں سے اس طرح پاک کردیجئے جیسا کہ سفید کپڑا میل سے پاک ہو جاتا ہے۔ اے اللہ میرے گناہ (اپنی بخشش کے) پانی، برف اور اولوں سے دھوڈالیئے۔" (بخاری)

★ **تعوّذ** : ثنا کے بعد تعوذ پڑھیں :-

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ

اَ عُ وْ ذُ بِ اِلْ لَ اهِ مِ نَ اِلْ شْ شَ ىْ طَ ا نِ اِلْ رْ رَ جِ ىْ مْ

(ترجمہ) "میں اللہ (تعالیٰ) کی پناہ میں آتا ہوں شیطانِ مردود (کے شر) سے" (ابوداؤد)

★ **تسمیہ**: تعوّذ کے بعد تسمیہ یعنی بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ سے سورۃ الفاتحہ اور قرآنِ کریم کے کچھ حصہ کی تلاوت شروع کریں :-

سُوْرَةُ الْفَاتِحَه .... سورۃ نمبر (1)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

بِ سْ مِ اِلْ لَ اهِ اِلْ رْ رَحْ مَ ا نِ اِلْ رْ رَحِ يْ مِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ ①

اَلْ حَ مْ دُ لِ لْ لَ اهِ رَ بْ بِ اِلْ عَ ا لَ مِ يْ نَ

اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ②

اَ لِ رْ رَ حْ مَ ا نِ اِ لِ رْ رَ حِ يْ مِ

مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ③

مَ ا لِ كِ يَ وْ مِ اِ لِ دْ دِ يْ نِ

اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ④

اِيْ يَ ا كَ نَ عْ بُ دُ وَ اِيْ يَ ا كَ نَ سْ تَ عِ يْ نُ

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ⑤

اِهْ دِ نَ ا اِ صْ صِ رَ ا طَ اِ لْ مُ سْ تَ قِ يْ مَ

صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ ۵ۙ 6

صِ رَ ا طَ اَ لْ لَ ذِ یْ نَ اَ نْ عَ مْ تَ عَ لَ یْ هِ مْ

غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ

غَ یْ رِ اَ لْ مَ غْ ضُ وْ بِ عَ لَ یْ هِ مْ

وَ لَا الضَّآلِّیْنَ ۷ؑ

وَ لَ ا اَ لْ ضْ ضَ ا---- لْ لِ یْ نَ

اٰ مِیْنَ

اَ --- مِ یْ نَ

(ترجمہ) "اللہ (رب العزت) کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو بڑا مہربان (اور) نہایت رحم والا ہے۔ (تمام) تعریفیں اللہ تعالیٰ کیلئے (ہیں) (جو) تمام جہانوں کا پالنے والا (ہے) جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے روزِ جزا (حساب و کتاب کے دن) کا مالک ہے (اے اللہ) ہم آپ ہی کی عبادت کرتے ہیں اور آپ ہی سے مدد مانگتے ہیں۔ ہمیں سیدھے راستہ کی طرف ہدایت دے اُن لوگوں کا راستہ جن پر آپ نے انعام کیا نہ کہ اُن کا (راستہ) جن پر آپکا غضب نازل ہوا اور نہ ہی ان لوگوں کا جو گمراہ ہوئے ہیں"

اے اللہ رب العزت میری دعا قبول فرمایئے

فضائل سورۃ فاتحہ : آپ ﷺ نے فرمایا "سورہ فاتحہ ہر بیماری کا علاج ہے" (دارمی)

نوٹ : قیام میں سورۃ فاتحہ پڑھیں جو قرآنِ کریم کی پہلی سورت ہے اور نماز کی ہر رکعت کا لازمی جز ہے۔ سورۃ الفاتحہ پڑھنے کے بعد آمین کہیں، کہ یہ دعا کی قبولیت کی درخواست ہے (مسلم)

★ **تلاوت قرآن پاک** : سورۃ الفاتحہ کے بعد کوئی سورت یا قرآن پاک کا کچھ حصہ تلاوت کریں۔ درج ذیل سورہ اخلاص بہت فضیلت رکھتی ہے۔ مزید سورتوں کیلئے پڑھئے صفحہ نمبر 92 اور اس سے آگے۔

سُوْرَةُ الْاِخْلَاصِ .... سورۃ نمبر (112)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ①

قُ لْ هُ وَ ا لْ لَ ا هُ اَ حَ دْ

اَللّٰهُ الصَّمَدُ ②

اَ لْ لَ ا هُ ا لْ صْ صَ مَ دْ

لَمْ يَلِدْ ۵ وَ لَمْ يُوْلَدْ ③

لَ مْ يَ لِ دْ وَ لَ مْ يُ وْ لَ دْ

وَ لَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ④

وَ لَ مْ يَ كُ نْ لْ لَ هُ وْ كُ فُ وَ نْ اَ حَ دْ

(ترجمہ) آپ (ﷺ) کہہ دیجیے (کہ) وہ اللہ ایک ہے۔ اللہ بے نیاز ہے۔ نہ ہی اُس نے (کسی کو) جنا اور نہ ہی وہ (کسی سے) جنا گیا اور اُسکا کوئی بھی ہمسر نہیں ہے

فضائل سورۂ اخلاص :۔ آپ ﷺ نے فرمایا ❶ ''کیا تم میں سے کوئی شخص ہر رات قرآنِ پاک کا تیسرا حصّہ تلاوت نہیں کر سکتا؟ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا، قرآنِ پاک کا تیسرا حصّہ کیسے پڑھا جا سکتا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا **قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ** (آخر تک پوری سورت پڑھنا) قرآنِ پاک کے تیسرے حصّہ کے برابر ہے۔'' (مسلم)

❷ ایک شخص نے عرض کیا اے اللہ کے رسول ﷺ میں سورة **قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ** کو دوست رکھتا ہوں آپ ﷺ نے فرمایا'' تمہاری یہ دوستی تمہیں جنت میں داخل کریگی'' (ترمذی)

★ **رکوع** : قیام کے بعد '' **اَللّٰهُ اَكْبَرْ** '' کہتے ہوئے رکوع میں جائیں اور دونوں ہاتھ گھٹنوں پر رکھتے ہوئے سر اور کمر کو آگے کی طرف اسطرح جھکائیں کہ کمر سر کے متوازی سیدھی ہو اور نظر سجدہ کرنے کی جگہ پر ہو پھر کم از کم تین مرتبہ درج ذیل کلمات پڑھیں یہ کلمات زیادہ آسان ہیں، اس کے علاوہ جو دوسری دعائیں احادیث میں وارد ہوئی ہیں وہ بھی پڑھی جا سکتی ہیں۔

سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِیْمُ

سُ بْ حَ ا نَ رَ بْ بِ یَ ا ل عَ ظِ یْ مُ

(ترجمہ) میرا رب عظمتوں والا (ہر عیب سے) پاک ہے۔۔۔(ابن ماجہ)

★ **قومہ** : رکوع کے بعد بالکل سیدھے کھڑے ہو جائیں اور دونوں ہاتھ اطراف میں بالکل سیدھے کھلے چھوڑ دیں پھر مندرجہ ذیل دعا پڑھیں:۔

سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَ هٗ

سَ مِ عَ اُلْ لَ اہُ لِ مَ نْ حَ مِ دَ ہُ

رَبَّنَا لَكَ اَلْحَمْدُ حَمْدًا

رَبْ بَ نَ ا لَ کَ اَلْ حَ مْ دُ حَ مْ دَ نْ اَ

كَثِيْرًا طَيِّبًا مُّبَارَكًا فِيْهِ

کَ ثِ یْ رَ نْ اَ طَ یْ یِ بَ اُمْ مُ بَ ا رَ کَ نْ اَ فِ یْ ہِ

(ترجمہ) "اللہ تعالیٰ نے اس کی سن لی ہے جس نے اس کی تعریف کی۔
اے ہمارے پروردگار! آپ ہی کیلئے تعریف ہے بہت زیادہ پاکیزہ اور بابرکت تعریف" (بخاری)

★ **سجدہ**: اب "**اَللّٰهُ اَكْبَرُ**" کہتے ہوئے سجدہ میں جائیں اس کے لیے دونوں ہاتھ آگے زمین پر رکھتے ہوئے ماتھے کو زمین پر ٹکائیں پھر درج ذیل دعا پڑھیں:

سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلٰى

سُ بْ حَ ا نَ رَ بْ بِ یَ اَلْ اَ عْ لَ ا ی

(ترجمہ) "میرا رب بلندیوں والا (ہر عیب سے) پاک ہے ---" (مسلم)

★ **جلسہ**: ایک سجدہ کے بعد "**اَللّٰهُ اَكْبَرُ**" کہتے ہوئے بایاں پاؤں زمین پر بچھالیں اور اطمینان سے اس پر بیٹھ جائیں اور دایاں پاؤں اس طرح کھڑا رکھیں کہ اس کی انگلیاں قبلہ رخ ہوں پھر مندرجہ ذیل دعاؤں میں سے ایک یا دونوں پڑھیں:-

❶ رَبِّ اغۡفِرۡلِیۡ

رَ بۡ بِ اِ غۡ فِ رۡ لِ یۡ

(ترجمہ) ''اے اللہ مجھے معاف کر دیجئے''

(مشکوۃ کتاب الصلاۃ باب السجود و فضلہ)

❷ اَللّٰھُمَّ اغۡفِرۡلِیۡ وَ ارۡحَمۡنِیۡ

اَلۡ لَ اہُمۡ مَ اِ غۡ فِ رۡ لِ یۡ وَ ا رۡ حَ مۡ نِ یۡ

وَ اجۡبُرۡنِیۡ وَ اھۡدِنِیۡ وَ ارۡزُقۡنِیۡ

وَ ا جۡ بُ رۡ نِ یۡ وَ اِ ہۡ دِ نِ یۡ وَ اِ رۡ زُ قۡ نِ یۡ

(ترجمہ) ''یااللہ مجھے معاف کر دیجئے اور مجھ پر رحم فرمائیے میرا نقصان پورا کر دیجئے، مجھے ہدایت اور رزق عطا فرمائیے۔''

(ترمذی۔ کتاب الصلاۃ باب ما یقول بین السجدتین)

دوسرا سجدہ:۔ پھر ''اَللّٰہُ اَکۡبَرُ'' کہتے ہوئے دوسرا سجدہ پہلے سجدہ کی طرح کریں۔ یہ ایک رکعت مکمل ہوگئی۔ اب دوسرے سجدہ کے بعد ''اَللّٰہُ اَکۡبَرُ'' کہتے ہوئے چند سیکنڈ بیٹھ کر کھڑے ہوجائیں اور پہلی رکعت کی طرح دوسری رکعت بھی ادا کیجئے

★ **قعدہ:** دوسری رکعت میں آخری سجدہ کے بعد قعدہ اگر درمیانی ہو یعنی اس کے بعد تیسری یا چوتھی رکعت کے لئے کھڑا ہونا ہو تو جلسہ کی طرح ہی بیٹھیں اس میں ''اَلتَّحِیَّاتُ'' تشہد پڑھیں، اور اگر آخری قعدہ ہو یعنی جس میں سلام پھیرا جاتا

ہے خواہ وہ دو رکعت کے بعد ہو یا تین یا چار رکعت کے بعد ہو تو اس طرح بیٹھیں :
دایاں پاؤں اس طرح کھڑا رکھیں کہ انگلیاں قبلہ رخ ہوں اور بایاں پاؤں دائیں پنڈلی کے نیچے سے باہر نکال لیں اور بائیں کولھے پر بیٹھیں (بخاری) اور اس میں التحیات کے بعد درود شریف اور مختلف دعائیں پڑھیں اور سلام پھیر کر نماز ختم کریں۔

★ اَلتَّحِیَّاتُ :۔

اَلتَّحِیَّاتُ لِلّٰهِ

اَ لِ تْ تَ حِ یْ یَ اتُ لِ لْ لَ اهِ

وَ الصَّلَوَاتُ وَ الطَّیِّبَاتُ

وَ ا لِ صْ صَ لَ وَ اتُ وَ ا لِ طْ طَ یْ یِ بَ اتُ

اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ

اَ لِ سْ سَ لَ ا مُ عَ لَ یْ كَ

اَیُّهَا النَّبِیُّ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ

اَ یْ یُ هَ ا لِ نْ نَ بِ یْ یُ وَ رَ حْ مَ تُ ا لْ لَ اهِ

وَ بَرَكَاتُهٗ اَلسَّلَامُ عَلَیْنَا

وَ بَ رَ كَ اتُ هٗ وْ اَ لِ سْ سَ لَ امُ عَ لَ یْ نَ ا

وَ عَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ

وَ عَ لَ ا ی عِ بَ ا دِ اِ لْ لَ اہِ اِ لِ صْ صَ ا لِ حِ یْ نَ

(ترجمہ) ''(میری) قولی، بدنی اور مالی عبادات صرف اللہ تعالیٰ کے لیے خاص ہیں۔ اے نبی (ﷺ) آپ پر اللہ تعالیٰ کی رحمت، سلامتی اور برکتیں ہوں اور ہم پر اور اللہ تعالیٰ کے (دوسرے) نیک بندوں پر (بھی) سلامتی ہو۔'' (مسلم)

تشہد: التحیات کے بعد تشہد پڑھیے:- اس میں اللہ تعالیٰ کے معبود ہونے اور نبی کریم ﷺ کے رسول اللہ ہونے کی شہادت دی جاتی ہے۔تشہد کے وقت دائیں ہاتھ کی شہادت کی انگلی اٹھا کر اشارہ کریں :-

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

اَشْ ہَ دُ اَ نْ لَ لَ ا۔۔۔ اِ لَ اہَ اِ لْ لَ ا اِ لْ لَ اہُ

وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ

وَاَشْ ہَ دُ اَ نْ نَ مُ حَ مْ مَ دَ نْ ا عَ بْ دُ ہُ وْ وَ رَ سُ وْ لُ ہٗ

(ترجمہ) ''میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی (سچا) معبود نہیں ہے اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد (ﷺ) اللہ کے بندے اور رسول (ﷺ) ہیں۔'' (مسلم)

﴿ وضاحت: آپ اگر تین رکعت والی نماز (جیسے مغرب) یا چار رکعت والی نماز (جیسے ظہر عصر، عشا) پڑھ رہے ہوں تو التحیات اور تشہد پڑھنے کے بعد کھڑے ہو جائیں اور

سورہ فاتحہ سے تیسری رکعت شروع کریں اور اسی طرح ٹھہر ٹھہر کر چوتھی رکعت کو بھی مکمل کریں البتہ تیسری اور چوتھی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد کوئی اور سورت پڑھنا لازمی نہیں ہے ہر رکعت اطمینان اور آرام سے ادا کیجئیے جلدی جلدی نماز پڑھ کر اپنی نماز کو ضائع نہ کریں ﴾

★ **درود شریف** : تشہد کے بعد درج ذیل درود جسے درودِ ابراہیمؒ کہا جاتا ہے پڑھیے :

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ

اَ لْ لَ اہُ مْ مَ صَ لْ لِ عَ لَ ای مُ حَ مْ مَ دِ ں وْ وَ

عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ

عَ لَ ---ای آ الِ مُ حَ مْ مَ دِ نْ

کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ

کَ مَ ا صَ لْ لَ یْ تَ عَ لَ ---ای اِ بْ رَ ا ہِ یْ مَ

وَ عَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ

وَ عَ لَ ---ای آ الِ اِ بْ رَ ا ہِ یْ مَ

اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

اِ نْ نَ کَ حَ مِ یْ دُ مْ مَ جِ یْ دْ

اَللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ

اَلْ لَ اھُ مْ مَ بَ ا رِكْ عَ لَ ای مُ حَ مْ مَ دِنْ وْ وَ

عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ

عَ لَ ۔۔۔ای اَ الِ مُ حَ مْ مَ دِ نْ

کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرٰھِیْمَ

کَ مَ ا بَ ا رَ کْ تَ عَ لَ ۔۔۔ای اِ بْ رَ ا ھِ یْ مَ

وَ عَلٰٓی اٰلِ اِبْرٰھِیْمَ

وَ عَ لَ ۔۔۔ای اَ الِ اِ بْ رَ ا ھِ یْ مَ

اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

اِنْ نَ کَ حَ مِ یْ دُ مْ مَ جِ یْ دْ

(ترجمہ) ''اے اللہ، رحمت بھیجئے محمد (ﷺ) پر اور محمد (ﷺ) کی آل پر جس طرح آپ نے رحمت نازل فرمائی ہے حضرت ابراہیم (علیہ السلام) پر اور حضرت ابراہیم (علیہ السلام) کی آل پر۔ بے شک آپ تعریف کیے گئے بڑائی والے

ہیں۔اے اللہ! برکت نازل کیجئے محمد (ﷺ) پر اور محمد (ﷺ) کی آل پر جس طرح آپ نے برکت نازل کی حضرت ابراہیم (علیہ السلام) پر اور حضرت ابراہیم (علیہ السلام) کی آل پر۔ بے شک آپ تعریف کیے گئے بڑائی والے ہیں۔" (بخاری)

فضائل درود شریف: آپ ﷺ نے فرمایا "جس نے مجھ پر ایک مرتبہ درود پڑھا اللہ تعالیٰ اس پر دس مرتبہ رحمتیں نازل فرمائے گا اس کے دس گناہ بھی معاف فرمائے گا اور دس درجے بھی بلند فرمائے گا" (مسلم)

★ **دُعائیں**: درود شریف کے بعد نبی اکرم (ﷺ) اکثر یہ دعائیں پڑھا کرتے تھے جو مختصر اور نہایت جامع ہیں:

❶ رَبَّنَا اٰتِنَا

رَ بْ بَ نَ ا — اَ ا تِ نَ ا

فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّ

فِ یْ اَلْ دُ دُ نْ یَ ا — حَ سَ نَ تَ نْ وْ وَ

فِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّ

فِ یْ اَلْ اَ اخِ رَ تِ — حَ سَ نَ تَ نْ وْ وَ

قِنَا عَذَابَ النَّارِ

قِ نَ ا — عَ ذَ ا بَ — اَلْ نْ نَ ا رِ

(ترجمہ) ''اے ہمارے رب ہمیں عطا کیجئے دنیا میں (بھی) اچھائیاں اور آخرت میں (بھی) اچھائیاں اور آگ کے عذاب (جہنم) سے بچائیے''

(البقرہ 2: آیت 201)

2 اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ

اَ لْ لَ اہ مْ مَ اِ نْ نِ یْ ظَ لَ مْ تُ نَ فْ سِ یْ

ظُلْمًا كَثِيْرًا وَّ لَا

ظُ لْ مَ نْ اِ کَ ثِ یْ رَ اِ نْ وْ وَ لَ ا

يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ

یَ غْ فِ رُ اِ لْ ذْ ذُ نُ وْ بَ اِ لْ لَ ا اَ نْ تَ

فَاغْفِرْ لِیْ مَغْفِرَةً مِّنْ

فَ اِ غْ فِ رْ لِ یْ مَ غْ فِ رَ تَ مْ مِ نْ

عِنْدِكَ وَ ارْحَمْنِیْ اِنَّكَ

عِ نْ دِ کَ وَ اِ رْ حَ مْ نِ یْ اِ نْ نَ کَ

اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ

اَ نْ تَ اِلْ غَ فُ وْ رُ اِلْ رْ رَ حِ یْ مُ

(ترجمہ) ''اے اللہ! بیشک میں نے اپنی جان پر بہت ظلم کیے ہیں، اور کوئی گناہوں کو بخشنے والا نہیں سوائے آپ کے، پس آپ مجھے بخش دیجئے اپنے خاص فضل سے اور مجھ پر رحم کیجیے بیشک آپ مغفرت کرنے والے (اور) رحم کرنے والے ہیں'' (بخاری)

❸ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُ بِكَ

اَلْ لَ اُ ھُ مْ مَ اِ نْ نِ ـــ یْ اَ عُ وْ ذُ بِ كَ

مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ

مِ نْ عَ ذَ ا بِ اِلْ قَ بْ رِ

وَ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ جَهَنَّمَ

وَ اَ عُ وْ ذُ بِ كَ مِ نْ عَ ذَ ا بِ جَ ھَ نْ نَ مَ

وَ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ

وَ اَ عُ وْ ذُ بِ كَ مِ نْ

فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ

فِ تْ نَ تِ لْ مَ سِ یْ حِ دْ دَ جْ جَ الِ

وَ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ

وَ اَ عُ وْ ذُ بِ کَ مِ نْ

فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَ الْمَمَاتِ

فِ تْ نَ تِ لْ مَ حْ یَ ا وَ لْ مَ مَ اتِ

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ

اَ لْ لَ ا هُ مْ مَ اِ نْ نِ یْ اَ عُ وْ ذُ بِ کَ

مِنَ الْمَأْثَمِ وَ الْمَغْرَمِ

مِ نَ لْ مَ اْ ثَ مِ وَ لْ مَ غْ رَ مِ

(ترجمہ) " اے اللہ ! میں آپکی پناہ چاہتا ہوں قبر کے عذاب سے اور آپکی پناہ طلب کرتا ہوں جہنم کے عذاب سے اور آپکی پناہ طلب کرتا ہوں مسیحِ دجال کے فتنہ سے اور آپکی پناہ طلب کرتا ہوں زندگی اور موت کے فتنہ سے۔

اے اللہ میں آپکی پناہ چاہتا ہوں گناہ اور قرض سے۔" (بخاری، مسلم)

نوٹ : سلام پھیرنے سے پہلے دنیا و آخرت کی بھلائی کیلئے آپ جو چاہیں عربی میں دعائیں مانگیئے۔ اسی طرح دشمن سے حفاظت کیلئے بھی درج ذیل دعا مانگ سکتے ہیں

4 اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِیْ

اَ لْ لَ ا ہُ مْ مَ اِ نْ نَ ا نَ جْ عَ لُ کَ فِ یْ

نُحُوْرِهِمْ وَ نَعُوْذُ بِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ

نُ حُ وْ رِ ہِ مْ وَ نَ عُ وْذُ بِ کَ مِ نْ شُ رُ وْ رِ ہِ مْ

(ترجمہ) " اے اللہ ! ہم آپ کو ان دشمنوں کے مقابلہ میں سامنے کرتے ہیں اور ان کی برائی سے آپ کی پناہ چاہتے ہیں" (ابوداؤد)

★ روزانہ والدین کے لئے دعا ضرور مانگیئے۔ انکی زندگی اور انکی وفات کے بعد بھی۔

5 رَبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيَانِیْ صَغِيْرًا

رَ بْ بِ ارْ حَ مْ ہُ مَ ا کَ مَ ا رَ بْ بَ یَ ا نِ یْ صَ غِ یْ رَ ا

(ترجمہ) " اے میرے رب ، آپ ان دونوں (میرے والدین) پر رحم فرمایئے جس طرح انہوں نے میرے بچپن میں میری (شفقت کے ساتھ) پرورش کی"
(بنی اسرائیل 17: آیت24)

★ **سلام** :- اب چہرہ دائیں طرف پھیرتے ہوئے درج ذیل

سلام کہیے ۔ اور پھر بائیں طرف چہرہ پھیر کر بھی سلام کہیئے ۔

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ

اَ لِ سْ سَ لَ ا مُ عَ لَ يْ كُ مْ وَ رَ حْ مَ تُ لْ لَ ا هْ

(ترجمہ) ''آپ (فرشتوں اور نمازیوں) پر سلامتی اور اللہ تعالیٰ کی رحمت ہو'' (ترمذی)

نوٹ: ایک روایت میں دائیں طرف اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ

اور بائیں طرف اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ کے الفاظ بھی ہیں ۔ (ابوداؤد)

★ اب آپ کی نماز مکمل ہوگئی ہے --- اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ

فرمان الٰہی ہے: (ترجمہ)

''اے مومنوں! اگر تمہیں کوئی فاسق خبر دے تو تم اس کی اچھی طرح تحقیق کرلیا کرو'' (الحجرات 49: آیت 6)

فرمان رسول ﷺ ہے :

''اللہ تعالیٰ اس شخص کو تر و تازہ رکھے جس نے مجھ سے کوئی حدیث سنی پھر اسکو آگے پہنچادیا جیسا کہ سنا تھا''۔ (ترمذی)

''جب آدمی مرجاتا ہے اسکے عمل کا ثواب موقوف ہوجاتا ہے مگر تین عملوں کا ثواب باقی رہتا ہے۔ صدقہ جاریہ یا آخرت کا فائدہ مند علم اور نیک اولاد جو اس کیلئے دعا کرے''۔ (مسلم)

''جو شخص علم حاصل کرنے کیلئے کسی راستہ پر چلا اللہ تعالیٰ اس کیلئے جنت کا راستہ آسان فرمادینگے''۔ (مسلم)

سبق (18) : نماز کے بعد کے اذکار و دعائیں

★ (ایک بار) اَللّٰهُ اَكْبَرُ

اَلْ لَ ا هُ اَ كْ بَ رُ

(ترجمہ) "اللہ (سب سے) بڑا ہے۔" (بخاری، مسلم)

★ (تین بار) اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ

اَ سْ تَ غْ فِ رُ اِ لْ لَ ا هَ

(ترجمہ) "میں اللہ تعالیٰ سے معافی چاہتا ہوں۔" (مسلم)

★ (ایک بار) اَللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَ

اَ لْ لَ ا هُ مْ مَ اَ نْ تَ اِ لْ سْ سَ لَ ا مُ وَ

مِنْكَ السَّلَامُ تَبَارَكْتَ

مِ نْ كَ اِ لْ سْ سَ لَ ا مُ تَ بَ ا رَ كْ تَ

يَا ذَا الْجَلَالِ وَ الْاِكْرَامِ

ىَ ا ذَ اِ لْ جَ لَ ا لِ وَ اِ لْ اِ كْ رَ ا مِ

(ترجمہ) "اے اللہ ! آپ سلامتی والے (ہر عیب سے پاک) ہیں اور سلامتی آپ ہی کی طرف سے ہے، آپ بہت برکت والے ہیں. اے بزرگی والے اور عزت والے" (مسلم)

★ (ایک بار) لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

لَ ا--- اِ لَ اهَ اِ لْ لَ ا اِلْ لَ ا هُ

وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ

وَ حْ دَ هُ وْ لَ ا شَ رِ يْ كَ لَ هُ وْ

لَهُ الْمُلْكُ وَ لَهُ الْحَمْدُ

لَ هُ اِلْ مُ لْ كُ وَ لَ هُ اِلْ حَ مْ دُ

وَ هُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

وَ هُ وَ عَ لَ اي كُ لْ لِ شَ يْ ءِ نْ قَ دِ يْ رٌ

اَللّٰهُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَيْتَ

اَلْ لَ ا هُ مْ مَ لَ ا مَ انِ عَ لِ مَ ا اَعْ طَ يْ تَ

وَ لَا مُعْطِیَ لِمَا مَنَعْتَ

وَ لَ ا مُ عْ طِ یَ لِ مَ ا مَ نَ عْ تَ

وَ لَا یَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ

وَ لَ ا یَ نْ فَ عُ ذَ ا لْ جَ دْ دِ مِ نْ كَ ا لْ جَ دْ دُ

(ترجمہ) ”اللہ (تعالیٰ) کے سوا کوئی بھی معبود نہیں وہ اکیلا ہے اسکا کوئی بھی شریک نہیں، اسی کی ہی حکومت ہے اور تمام تعریفیں اسی کے لیے ہیں۔ اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔ اے اللہ ! اگر آپ کسی کو اپنے فضل سے نوازنا چاہیں تو کوئی آپ کو روک نہیں سکتا اور اگر آپ کسی کو اپنی رحمت سے محروم کردیں تو کوئی اسے دے نہیں سکتا کسی دولت مند کی دولت اسے آپ کے عذاب سے نہیں بچا سکتی۔“ (بخاری)

★ (ایک بار) اَللّٰھُمَّ اَعِنِّیْ عَلٰی ذِکْرِكَ

اَ لْ لَ ا هُ مْ مَ اَ عِ نْ نِ یْ عَ لَ ا یْ ذِ كْ رِ كَ

وَ شُكْرِكَ وَ حُسْنِ عِبَادَتِكَ

وَ شُ كْ رِ كَ وَ حُ سْ نِ عِ بَ ا دَ تِ كَ

(ترجمہ) ”اے اللہ کریم ، میری اعانت (مدد) فرمائیے اپنا ذکر کرنے پر اور اپنا شکر بجالانے پر اور بہترین طریقہ سے اپنی عبادت کرنے پر۔“ (ابوداؤد)

★ **آیۃ الکرسی** : آپ ﷺ نے فرمایا: ❶ "جس نے ہر فرض نماز کے بعد آیت الکرسی پڑھی اسے موت کے سوا کوئی چیز جنت میں جانے سے نہیں روک سکتی" (نسائی)

❷ "جو شخص صبح وشام آیۃ الکرسی پڑھے گا وہ اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں رہے گا۔" (ترمذی)

❸ "جو آدمی اپنے بستر پر لیٹتے وقت آیۃ الکرسی پڑھے تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک فرشتہ مقرر کر دیا جاتا ہے جو رات بھر اسکی حفاظت کرتا ہے اور صبح تک اسکے پاس شیطان نہیں آتا" (بخاری)

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا

اَ لْ لَ ا هُ   لَ ا ـــ   اِ لَ ا هَ   اِ لْ لَ ا

هُوَ ج اَلْحَیُّ اَلْقَیُّوْمُ ج لَا تَاْخُذُهٗ

هُ وَ   اَ لْ حَ یْ یُ   اِلْ قَ یْ یُ وْ مُ   لَ ا   تَ اْ خُ ذُ هُ وْ

سِنَةٌ وَّ لَا نَوْمٌ ط لَهٗ مَا

سِ نَ تُ ں   وْ وَ   لَ ا   نَ وْ مْ   لَ هُ وْ   مَ ا

فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الْاَرْضِ ط

فِ یْ   اِلْ سْ سَ مَ ا وَ ا تِ   وَ   مَ ا   فِ یْ   اِلْ اَ رْ ضِ

مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗ

مَ نْ   ذَ ا   اِلْ لَ ذِ یْ   یَ شْ فَ عُ   عِ نْ دَ هُ وْ ـــ

اِلَّا بِاِذْنِهٖ ط يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ

اِ لْ لَ ا بِ اِ ذْ نِ هٖ يَ عْ لَ مُ مَ ا بَ يْ نَ اَ يْ دِ يْ هِ مْ

وَ مَا خَلْفَهُمْ ج وَ لَا يُحِيْطُوْنَ

وَ مَ ا خَ لْ فَ هُ مْ وَ لَ ا يُ حِ يْ طُ وْ نَ

بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ج

بِ شَ يْ ءِ مْ مِ نْ عِ لْ مِ هِيْ--- اِ لْ لَ ا بِ مَ ا شَا---ءَ

وَ سِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ ج

وَ سِ عَ كُ رْ سِ يْ يُ هُ اَلْ سْ سَ مَ ا وَ اتِ وَ اَلْ اَ رْ ضَ

وَ لَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ج

وَ لَ ا يَ ءُ وْ دُ هُوْ حِ فْ ظُ هُ مَ ا

وَ هُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ O

وَ هُ وَ اَلْ عَ لِ يْ يُ اَلْ عَ ظِ يْ مُ

(ترجمہ) ''اللہ وہ ہے نہیں ہے کوئی معبود سوائے اسکے وہ (اللہ تعالیٰ) زندہ اور قائم ہے۔ نہیں آتی اسکو اُونگھ اور نہ ہی نیند۔ اُسی کا ہے جو کچھ آسمانوں اور زمینوں میں ہے کون ہے جو اسکے حضور سفارش کر سکے بغیر اسکی اجازت کے۔ وہ جانتا ہے جو انکے (لوگوں کے) سامنے ہے اور جو ان کے پیچھے ہے۔ احاطہ نہیں کر سکتے (لوگ) اسکے علم میں مگر جس قدر کہ وہ (اللہ تعالیٰ) چاہے۔ اسکی کرسی آسمانوں اور زمین پر چھائی ہوئی ہے، اور اسکو ان (زمین و آسمان) کی نگہبانی نہیں تھکاتی اور وہ سب سے بلند اور اعلیٰ ہے''

(البقرہ 2: آیت 255)

★ درج ذیل پہلی دو تسبیحات 33-33 مرتبہ اور آخری تسبیح 34 مرتبہ پڑھئے

❶ سُبحَانَ اللّٰہِ

سُ بُ حَ ا نَ ا لْ لَ ا ہِ

(ترجمہ) '' اللہ پاک ہے (ہر خامی سے) ''۔ (مسلم)

❷ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ

اَ لْ حَ مْ دُ لِ لْ لَ ا ہِ

(ترجمہ) '' تمام تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں۔'' (مسلم)

❸ اَللّٰہُ اَکْبَرُ

اَ لْ لَ ا ہُ اَ کْ بَ رُ

(ترجمہ) '' اللہ تعالیٰ سب سے بڑا ہے۔'' (مسلم)

★ وتر کی دعائیں

★ نمازِ عشا کے بعد آخر میں تین رکعات وتر اس طرح پڑھئے :-

"پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰى (سورۂ نمبر 87 پوری سورت یا کوئی اور سورت جو آپ کو یاد ہو) دوسری رکعت میں پوری قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ (سورۂ نمبر 109) تیسری رکعت میں پوری قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ (سورۂ نمبر 112) پڑھئے اور رکوع میں جانے سے پہلے وتر کی کوئی ایک دعا پڑھئے (نسائی) پھر سلام پھیرنے کے بعد تین مرتبہ سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ پڑھئے" (ابوداؤد)

❶ اَللّٰهُمَّ	اِنَّا	نَسْتَعِيْنُكَ
اَ لْ لَ اٰ هُ مْ مَ	اِ نْ نَ ا	نَ سْ تَ عِ يْ نُ كَ

وَ نَسْتَغْفِرُكَ	وَ نُؤْمِنُ	بِكَ	وَ نَتَوَكَّلُ
وَ نَ سْ تَ غْ فِ رُ كَ	وَ نُ ءْ مِ نُ	بِ كَ	وَ نَ تَ وَ كْ كَ لُ
عَلَيْكَ	وَ نُثْنِيْ	عَلَيْكَ	الْخَيْرَ
عَ لَ يْ كَ	وَ نُ ثْ نِ يْ	عَ لَ يْ كَ	اِلْ خَ يْ رَ
وَ نَشْكُرُكَ	وَلَا	نَكْفُرُكَ	وَ نَخْلَعُ
وَ نَ شْ كُ رُ كَ	وَ لَ ا	نَ كْ فُ رُ كَ	وَ نَ خْ لَ عُ

وَنَتْرُكُ مَنْ يَّفْجُرُكَ اَللّٰهُمَّ

وَ نَ تْ رُ كُ   مَ نْ   يُ يَ فْ جُ رُ كَ   اَ لْ لَ ا هُ مْ مَ

اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَلَكَ نُصَلِّىْ

اِ يْ يَ ا كَ   نَ عْ بُ دُ   وَ لَ كَ   نُ صَ لْ لِ يْ

وَنَسْجُدُ وَاِلَيْكَ نَسْعٰى وَنَحْفِدُ

وَ نَ سْ جُ دُ   وَ اِ لَ يْ كَ   نَ سْ عَ ا ي   وَ نَ حْ فِ دُ

وَنَرْجُوْا رَحْمَتَكَ وَنَخْشٰى عَذَابَكَ

وَ نَ رْ جُ وْ ا   رَ حْ مَ تَ كَ   وَ نَ خْ شَ ا ي   عَ ذَ ا بَ كَ

اِنَّ عَذَابَكَ بِالْكُفَّارِ مُلْحِقٌ

اِ نْ نَ   عَ ذَ ا بَ كَ   بِ اِ لْ كُ فْ فَ ا رِ   مُ لْ حِ قٌ

(ترجمہ) ''اے اللہ، ہم آپ ہی سے مدد مانگتے ہیں اور آپ ہی سے مغفرت طلب کرتے ہیں اور آپ ہی پر ایمان لاتے ہیں اور آپ ہی پر بھروسا کرتے ہیں اور آپ کی بہترین تعریف کرتے ہیں اور آپ کا شکر ادا کرتے ہیں اور آپ کی ناشکری نہیں کرتے اور جو آپ کی نافرمانی کرے اس سے قطع تعلق کرتے ہیں اور اس کو چھوڑ دیتے ہیں۔ اے اللہ، ہم آپ کی عبادت

کرتے ہیں، آپ ہی کے لئے نماز پڑھتے ہیں، آپ ہی کو سجدہ کرتے ہیں اور آپ ہی کی طرف دوڑتے اور لپکتے ہیں اور آپ کے عذاب سے ڈرتے ہیں اور آپ کی رحمت کے امیدوار ہیں، بے شک آپ کا عذاب کافروں کو ضرور پہنچنے والا ہے۔" (بیہقی)

2 حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ" آپ ﷺ تین وتر پڑھتے اور وتر کی دعاء (آخری رکعت میں) رکوع سے پہلے پڑھتے تھے۔" (نسائی)

اَللّٰھُمَّ   اھْدِنِیْ   فِیْمَنْ   ھَدَیْتَ

اَ لْ لَ ا ہُ مْ مَ   اِہْ دِ نِ یْ   فِ یْ مَ نْ   ہَ دَ یْ تَ

وَ   عَافِنِیْ   فِیْمَنْ   عَافَیْتَ

وَ   عَ ا فِ نِ یْ   فِ یْ مَ نْ   عَ ا فَ یْ تَ

وَ   تَوَلَّنِیْ   فِیْمَنْ   تَوَلَّیْتَ

وَ   تَ وَ لْ لَ نِ یْ   فِ یْ مَ نْ   تَ وَ لْ لَ یْ تَ

وَ   بَارِكْ   لِیْ   فِیْمَا   اَعْطَیْتَ

وَ   بَ ا رِ كْ   لِ یْ   فِ یْ مَ ا   اَ عْ طَ یْ تَ

وَ قِنِیْ شَرَّ مَا قَضَیْتَ

وَ قِ نِ یْ شَ رْ رَ مَ ا قَ ضَ یْ تَ

فَاِنَّكَ تَقْضِیْ وَ لَا یُقْضٰی عَلَیْكَ

فَ اِنْ نَ كَ تَ قْ ضِ یْ وَ لَ ا یُ قْ ضَ ا یْ عَ لَ یْ كَ

اِنَّهٗ لَا یَذِلُّ مَنْ وَّ الَیْتَ

اِنْ نَ هٗ وْ لَ ا یَ ذِ لْ لُ مَ نْ وْ وَ ا لَ یْ تَ

وَ لَا یَعِزُّ مَنْ عَادَیْتَ

وَ لَ ا یَ عِ زْ زُ مَ نْ عَ ا دَ یْ تَ

تَبَارَكْتَ رَبَّنَا وَ تَعَالَیْتَ

تَ بَ ا رَ كْ تَ رَ بْ بَ نَ ا وَ تَ عَ ا لَ یْ تَ

نَسْتَغْفِرُكَ وَ نَتُوْبُ اِلَیْكَ

نَ سْ تَ غْ فِ رُ كَ وَ نَ تُ وْ بُ اِ لَ یْ كَ

وَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَی النَّبِیِّ

وَ صَ لْ لَ اِ یِ اِ لْ لَ اُہُ عَ لَ یِ اِ لِ نْ نَ بِ یِ یِ

(ترجمہ) ''اے اللہ ! مجھے ہدایت دیجئے اور ہدایت یافتہ لوگوں میں شامل فرما دیجئے۔ اور مجھے عافیت دیں اور ان لوگوں میں شامل فرمایئے جنہیں آپ نے عافیت عطا فرمائی ہے مجھے اپنا دوست بنا کر ان لوگوں میں شامل فرمایئے جنہیں آپ نے دوست بنایا ہے۔ جو نعمتیں آپ نے مجھے دی ہیں ان میں برکت عطا فرمایئے۔ اس برائی سے مجھے محفوظ رکھئے جس کا آپ نے فیصلہ کیا ہے۔ بلاشبہ فیصلہ کرنے والے آپ ہی ہیں، اور آپکے خلاف فیصلہ نہیں کیا جاتا۔ جسے آپ دوست رکھیں وہ کبھی رسوا نہیں ہوتا۔ اور جس سے آپ دشمنی رکھیں وہ کبھی عزت حاصل نہیں کرسکتا۔ اے ہمارے پروردگار، آپکی ذات بڑی بابرکت اور بلند و بالا ہے۔ ہم آپ سے بخشش مانگتے ہیں اور آپکی طرف (ہی) رجوع کرتے ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ کی رحمت ہو نبی (ﷺ) پر'' (مشکوٰۃ، نسائی)

مختلف چند اہم قرآنی دعائیں

❶ چور، ڈاکو اور ہر قسم کے نقصان سے حفاظت کے لئے پڑھئے صبح وشام۔ (البقرہ 2: آیت 255)

❷ نیک عمل اور شکر ادا کرنے کی توفیق کے لئے پڑھئے۔ (الاحقاف 46: آیت 15)

❸ فتنوں سے بچنے کے لئے پڑھئے۔ (الممتحنہ 60: آیات 4 تا 5)

❹ نیک اعمال کی مقبولیت کی دعا۔ (البقرہ 2: آیت 127)

❺ بھول چوک سے درگزر کی دعا۔ (البقرہ 2: آیت 286)

❻ ثابت قدمی کی دعا۔ (البقرہ 2: آیت 250) ❼ نعمتوں کے حصول کی دعا۔ (المائدہ 5: آیت 114)

سبق (19): طہارت ، غسل جنابت ، وضو اور تیمّم کا بیان

❶ بیت الخلا میں داخل ہونے سے پہلے یہ دعا پڑھئے :-

بِسۡمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡ اَعُوۡذُ بِكَ

بِ سۡ مِ اِلۡ لَ اهِ اَلۡ لَ اُهُ مۡ مَ اِنۡ نِ یۡ اَعُ وۡ ذُ بِ كَ

مِنَ الۡخُبُثِ وَ الۡخَبَآئِثِ

مِ نَ اِلۡ خُ بُ ثِ وَ اِلۡ خَ بَ ا---- ءِ ثِ

(ترجمہ) ’’(شروع) اللہ تعالیٰ کے نام کے ساتھ، اے اللہ، بے شک میں آپکی پناہ چاہتا ہوں ناپاک جنوں اور ناپاک جنّیوں سے‘‘ (ترمذی)

❷ ’’بیت الخلا میں داخل ہوتے وقت پہلے بایاں پاؤں اندر رکھئے‘‘ (ابن ماجہ)

❸ ’’بیت الخلا میں داخل ہونے کے بعد زمین کے قریب ترہوکر ستر کھولیں‘‘ (ترمذی)

❹ ’’قضائے حاجت کے وقت قبلہ کی طرف چہرہ اور پیٹھ نہ کریں‘‘ (بخاری)

❺ ’’قضائے حاجت کے وقت باتوں اور ذکرِ الٰہی سے اجتناب کریں۔ اس سے اللہ تعالیٰ ناراض ہوتے ہیں‘‘ (ابوداود)

❻ ’’قضائے حاجت کرتے وقت دایاں پاؤں کھڑا رکھئے (اس پر بوجھ کم ڈالئے) اور بائیں پاؤں کو پورا زمین پر رکھیں اور اس پر وزن دے کر بیٹھیں‘‘ (مفہوم حدیث بیہقی)

نوٹ : بائیں ہاتھ کی کہنی گھٹنے پر اور ہتھیلی بائیں کان کے نیچے رکھیں رسول کریم ﷺ کا کوئی بھی حکم حکمت سے خالی نہیں ہے اس طرح بیٹھنے سے اخراجِ فضلہ میں آسانی ہوتی ہے

7 "(کھلی جگہ میں پیشاب کرتے وقت اگر) زمین سخت ہو تو اسے نرم کر لیں" (ابوداؤد)

8 "پیشاب کی چھینٹوں سے بچیں کیونکہ پیشاب کی چھینٹوں سے نہ بچنے کی وجہ سے قبر میں عذاب ہوتا ہے" (ترمذی)

9 "پیشاب یا استنجا کرتے وقت عضو مخصوصہ کو دایاں ہاتھ نہ لگائیں" (بخاری ، مسلم)

10 "پیشاب کرنے کے بعد عضوِ مخصوصہ کو (بائیں ہاتھ سے) تین مرتبہ جھاڑیئے۔ تاکہ قطرے خارج ہو جائیں" (ابن ماجہ) .... **وضاحت** : عضو مخصوصہ جھاڑنے کے بعد، قطرے نہ نکلنے کا یقین ہو جائے تب اٹھ جایئے ورنہ وہیں کچھ دیر انتظار کریں۔

11 بیت الخلا سے نکلتے وقت پہلے دایاں پاؤں باہر نکالیئے اور باہر آنے کے بعد یہ دعا پڑھیئے :۔ غُفْرَانَكَ (اے اللہ میں) "آپ سے بخشش طلب کرتا ہوں" (ترمذی)

غُسلِ جنابت کا مسنون طریقہ

★ "غسل جنابت کرتے وقت پہلے بسم اللہ پڑھیئے اور پھر دونوں ہاتھوں کو دھویئے پھر دائیں ہاتھ سے بائیں ہاتھ پر پانی ڈال کر شرمگاہ صاف کیجئے پھر ہاتھ مٹی پر مار کر (یا صابن سے) دھویئے پھر سر کے مسح تک نماز جیسا وضو کیجئے اسکے بعد تین چلو پانی (یعنی تین دفعہ پہلے دائیں پھر بائیں پھر درمیان میں) سر پر ڈالئے ہاتھوں کی انگلیوں سے سر کے بالوں کی جڑوں کو پانی سے تر کیجئے پھر سارے جسم (اور سر) پر پانی بہایئے اور آخر میں دونوں پاؤں دھویئے" (بخاری) ★ غسل جنابت میں پانی ناک کے اندر زور سے چڑھانا (اگر روزہ نہ ہو) سر اور داڑھی کے بالوں کی جڑوں تک پہنچانا ضروری ہے (بخاری)۔۔۔ اس لیئے بالوں کو خوب اچھی طرح مل مل کر دھویئے۔

نوٹ : روزہ کی حالت میں پانی ناک میں زور سے نہ چڑھائیں ، بلکہ آہستہ سے چڑھائیں تاکہ پانی حلق میں نہ جانے پائے۔

ناخنوں کی پالش ، سرخی یا کوئی ایسی چیز جو پانی جسم تک پہنچنے میں مانع ہو دور کیئے بغیر

غسل جنابت اور وضو مکمل نہیں ہوتا۔ عام غسل بھی اسی طرح کریں تو بہتر ہے۔

★ ''غسل جنابت کے لئے اگر پانی نہ ملے یا پانی تو ہے لیکن نہانے کی صورت میں بیمار پڑنے یا جان کا خطرہ ہو تو پاک مٹی سے تیمم کر لیجئے یہ غسلِ جنابت اور وضو (دونوں) کیلئے کافی ہے'' (بخاری) ...... (مزید علم احادیث اور تفصیل کے لیے پڑھئے ہماری کتاب ''1000 منتخب احادیث ماخوذ از بخاری شریف''

وضو کا مسنون طریقہ

★ وضو کرنے سے پہلے بِسۡمِ اللّٰہِ پڑھئے ★ دونوں ہاتھ پہنچوں تک تین مرتبہ اچھی طرح دھوئیں۔ ★ ہاتھوں کی انگلیوں کا خلال بھی کریں اگر انگوٹھی پہنی ہوئی ہو تو اسے ہلا لیں تاکہ انگلی پر انگوٹھی کی جگہ خشک نہ رہے۔ ★ دائیں ہاتھ میں پانی لیکر تین دفعہ کلی کریں۔ ★ دائیں ہاتھ میں پانی لیکر تین دفعہ (زور سے) ناک میں پانی چڑھا کر اسے بائیں ہاتھ سے جھاڑیں۔ ★ دونوں ہاتھوں سے تین بار چہرہ دھوئیں۔ ★ آنکھ کے گوشوں کو خوب ملیں۔ ★ ایک چلو میں پانی لیکر اسے ٹھوڑی کے نیچے داخل کر کے داڑھی کا خلال کریں۔ ★ دائیں ہاتھ کو کہنی سمیت تین بار دھوئیں پھر اسی طرح بائیں ہاتھ کو بھی کہنی سمیت تین بار دھوئیں۔ کہنی سے تھوڑا اوپر تک دھونا بہتر ہے تاکہ کہنی کا کوئی حصہ بھی خشک نہ رہے۔ ★ دونوں ہاتھ پانی سے تر کر کے سر کا مسح اس طرح کریں کہ دونوں ہاتھ پیشانی سے شروع کر کے گدی تک لے جائیں اور پھر اسی طرح واپس پیشانی تک لے آئیں۔ ★ کانوں کا مسح کرتے وقت پانی سے بھیگے ہوئے دونوں ہاتھوں کی شہادت کی انگلیاں دونوں کانوں کے سوراخوں میں ڈال کر اندرونی خانوں میں گھماتے ہوئے کانوں کی لو تک نیچے لے آئیں پھر کانوں کے پچھلے حصے کا دونوں ہاتھوں کے انگوٹھوں کے ساتھ نیچے سے اوپر کی طرف مسح کریں۔

★ پہلے دائیں پاؤں کو ٹخنوں سمیت تین بار دھوئیں پھر بائیں پاؤں کو بھی ٹخنوں سمیت تین

بار دھوئیں۔ٹخنوں سے تھوڑا اوپر تک دھونا بہتر ہے تا کہ ٹخنہ کا کوئی بھی حصہ خشک نہ رہے۔

★ پاؤں کی انگلیوں کا خلال کریں۔یعنی انگلیوں کے درمیانی حصوں کو بھی تر کریں۔

نوٹ: وضو بڑی احتیاط سے کریں تا کہ اعضاء وضو کا کوئی حصہ بھی خشک نہ رہے، ورنہ وضو نامکمل رہے گا اور نامکمل وضو سے نماز پڑھنا جائز نہیں ہے۔ نبی کریم ﷺ نے ایسے آدمی کو کہ جسکے اعضاء وضو میں سے کچھ حصہ خشک رہ گیا تھا اسے دوبارہ وضو کرنے کا حکم دیا تھا کوشش کریں کہ ٹخنوں اور کہنیوں کو ایک یا دو اِنچ اوپر تک دھولیں آپ ﷺ نے فرمایا: ''(جنت میں) مومن کا زیور وہاں تک پہنچے گا جہاں تک وضو کا پانی پہنچا ہوگا''۔(مسلم)

★ وضو کے بعد یہ دعا پڑھیں:

اَشْهَدُ اَنْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

اَشْ ہَ دُ اَنْ لْ لَ۔۔۔ا اِ لَ اہَ اِلْ لَ ا اِلْ لَ اہُ

وَحْدَہٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَ اَشْهَدُ

وَ حْ دَ ہُ وْ لَ ا شَ رِ یْ کَ لَ ہُ وْ وَ اَشْ ہَ دُ

اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ

اَنْ نَ مُ حَ مْ مَ دَنْ اِ عَ بْ دُ ہُ وْ وَ رَ سُ وْ لُ ہُ وْ

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ التَّوَّابِيْنَ

اَلْ لَ اہُ مْ مَ اِجْ عَ لْ نِ یْ مِ نَ اِلْ تَ تَ وْ وَ ا بِ یْ نَ

وَ ا جۡعَلۡنِیۡ مِنَ ا لۡمُتَطَهِّرِ یۡنَ

وَ اجۡ عَ لۡ نِ یۡ مِ نَ الۡ مُ تَ طَ ہۡ ہِ رِ یۡ نَ

(ترجمہ)''میں گواہی دیتا ہوں اللہ تعالیٰ کے علاوہ کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے اسکا کوئی شریک نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد (ﷺ) اسکے بندے اور اسکے رسول ہیں اے اللہ! مجھے توبہ کرنے والوں اور پاک رہنے والوں میں سے بنا دیجئے'' (ترمذی)

تیمّم کرنے کا مسنون طریقہ

★ حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ مجھے نبی کریم ﷺ نے کسی کام سے بھیجا مجھے (سفر میں) احتلام ہوگیا اور پانی نہ ملا میں نے (تیمم کرنے کی نیت سے) زمین پر جانوروں کی طرح لوٹ لگایا، جب نبی کریم ﷺ کے پاس واپس آیا اور اس واقعہ کا ذکر کیا تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا تجھے اپنے ہاتھ سے اس طرح کر لینا کافی تھا، پھر آپ ﷺ نے اپنے دونوں ہاتھ ایک مرتبہ زمین پر مارے اور بائیں ہاتھ کو دائیں پر مارا اسکے بعد آپ ﷺ نے ہتھیلیوں کی پشت اور چہرہ مبارک پر مسح کرلیا۔ (بخاری، مسلم)

★ ''اپنی دونوں ہتھیلیوں کو زمین (پاک مٹی) پر ایک بار ماریں اور پھونک مار کر گرد وغبار اڑا دیں پھر انکو اپنے ہاتھوں پر مل لیں (آگے اور پیچھے) پھر چہرہ پر مل لیں'' (بخاری)

فضائل مسواک

★ **مسواک کرنا سنت** ہے۔ **فرمانِ رسول کریم ﷺ** ہے :-

''اگر مجھے اپنی امت کی مشقت کا احساس نہ ہوتا تو میں ہر نماز کے ساتھ ان کو مسواک کرنے کا حکم دیتا'' (بخاری، مسلم)

★ ''مسواک منہ کی پاکیزگی اور اللہ تعالیٰ کی رضامندی کا ذریعہ ہے'' (نسائی)

★ ''جس نماز کے لئے مسواک کی جائے اس کا دوسری نماز سے ستّر گنا زیادہ (ثواب) ہے'' (بیہقی)۔۔۔ نوٹ: ہر وضو کے ساتھ مسواک کرنے سے دانت اور منہ کی بیماریاں مثلاً پائیوریا وغیرہ سے حفاظت رہتی ہے۔ دانت، زبان اور تالو مسواک سے اچھی طرح صاف کریں۔ زبان اور تالو پر بھی کھانے کی تہہ جم جاتی ہے۔ اگر صاف نہ کیا جائے تو بیماریاں ہی بیماریاں۔ مجرب عمل ہے۔

نماز کے متعلق چند اہم احادیث

نماز کس طرح پڑھیں کہ قبول ہو جائے؟

1 حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے مسجد میں تشریف لانے کے بعد ایک شخص آیا اور نماز پڑھنے لگا نماز کے بعد اس نے آکر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سلام کا جواب دے کر فرمایا کہ واپس جا کر دوبارہ نماز پڑھو کیونکہ تم نے نماز نہیں پڑھی۔ چنانچہ اس نے دوبارہ نماز پڑھی اور واپس آکر پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس مرتبہ بھی یہی فرمایا کہ جا کر دوبارہ نماز پڑھو کیونکہ تم نے نماز نہیں پڑھی تین مرتبہ اسی طرح ہوا۔ آخر اس شخص نے عرض کیا کہ اس ذات کی قسم جس نے آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) کو حق کے ساتھ بھیجا ہے میں تو اس سے اچھی نماز پڑھنا نہیں جانتا اسلئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے (اچھی نماز کی) تعلیم دیجئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب نماز کیلئے کھڑے ہوا کرو تو (پہلے) تکبیر کہو پھر قرآن مجید سے جو کچھ تم سے ہو سکے (آرام آرام سے) پڑھو۔ اسکے بعد اطمینان سے رکوع کرو۔ پھر سر اٹھاؤ اور پوری طرح کھڑے ہو جاؤ۔ پھر اطمینان سے پوری طرح سجدہ کرو پھر (سجدہ سے) سر اٹھا کر اطمینان سے بیٹھ جاؤ۔ دوبارہ پھر اسی طرح سجدہ کرو۔ یہی طریقہ نماز کی تمام رکعتوں میں اختیار کرو'' (بخاری)

وضاحت: اس شخص نے قیام، رکوع اور سجود اچھی طرح ادا نہیں کئے تھے اسی وجہ

سے آپ ﷺ نے اسے بار بار نماز دہرانے کا حکم فرمایا۔ اچھی نماز (فرض، سنت، نفل) جس طرح آپ ﷺ نے سکھائی، پڑھی جائے تو فی رکعت کم از کم 2 منٹ لگتے ہیں۔ فجر کی نماز میں چار سے پانچ منٹ فی رکعت لگتے ہیں کیونکہ فجر کی نماز میں زیادہ تر لمبی سورتیں پڑھنا آپ ﷺ کی عادتِ مبارکہ تھی۔ آپ ﷺ اس سے بھی کہیں زیادہ وقت فی رکعت لیتے تھے قرآن اور دعاؤں کا ہر لفظ پورا پورا معروف طریقے سے (عربی لہجے میں) ادا کرنے کی کوشش کیجئے۔ بہتر ہوگا کہ ایک نماز با آواز بلند پڑھ کر کسی دوسرے کو سنا دیجئے اسلئے کہ انسان اپنی غلطی خود نہیں پکڑ پاتا ہے۔ ہر نماز یہ سمجھ کر پڑھئے کہ یہ آپ کی آخری نماز ہے کیونکہ کوئی نہ کوئی نماز تو آخری ہونی ہی ہے۔

❷ "لوگوں میں بدترین چور نماز میں چوری کرنے والا ہے، صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا اے اللہ کے رسول ﷺ وہ نماز میں چوری کیسے کرتا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا کہ وہ نماز میں پوری طرح رکوع اور سجدہ نہیں کرتا اور نہ ہی رکوع اور سجدہ میں اپنی پیٹھ سیدھی کرتا ہے۔(احمد)

وضاحت :۔ احتیاط کیجئے: جلدی جلدی نماز پڑھنا نماز کی چوری ہے۔

❸ آپ ﷺ نے فرمایا" جو شخص نماز کو وقت پر نہ پڑھے، وضو اچھی طرح نہ کرے، پوری طرح دل لگا کر رکوع اور سجدہ نہ کرے تو ایسے نمازی کی نماز اس کیلئے بد دعا کرتی ہے کہ اللہ تجھے بھی اسی طرح برباد کرے جس طرح تو نے مجھے برباد کیا ہے اور اسطرح کی پڑھی ہوئی نماز اسکے منہ پہ ماردی جاتی ہے۔" (ترغیب وترہیب) ۔۔۔۔نوٹ : نماز بڑے اطمینان سکون دل جمعی اور سنت نبوی کے مطابق پڑھنی چاہیئے ورنہ نماز ضائع ہونے کا خطرہ ہے۔

❹ رسول کریم ﷺ کا فرمان ہے کہ"جو شخص نماز پابندی سے ادا کرتا ہے تو قیامت کے دن یہ نماز اس کے لیے روشنی مہیا کرنیوالی ہوگی اور جنت میں لے جانے کا باعث اور جہنم سے نجات دلانے کا ذریعہ ہوگی۔" (احمد ، مشکوٰۃ)

❺ "اللہ تعالیٰ نے (بندوں پر) پانچ نمازوں کو فرض کیا ہے، جو آدمی اچھی طرح ان نمازوں کیلئے وضو کرے اور انہیں وقت پر پڑھے، رکوع اور خشوع کا پوری طرح خیال

رکھے ، اللہ تعالیٰ نے اپنے ذمہ لے لیا ہے کہ اسے بخش دے گا اور جو آدمی یہ نہ کرے اُس کیلئے اللہ تعالیٰ کا کوئی ذمہ نہیں ، چاہے اسے بخش دے اور چاہے سزا دے ۔(ابوداؤد)

6 ”جو آدمی نہ صحیح طریقہ سے رکوع کرے اور سجدہ میں بھی ٹھونگیں ہی مارے اس کی مثال اس بھوکے شخص کی سی ہے جو ایک یا دو کھجوریں کھاتا ہے اور یہ دو کھجوریں اسے کچھ فائدہ نہیں دیتیں ۔“ (ابن خزیمہ)

